تحقیق وتنقید

عہد وسطیٰ کے یورپ میں اسلامی علوم وفنون

محمد ثناء اللہ ندوی

صلیبی جنگوں کے زمانہ میں اہل مشرق اور خصوصاً مسلمانوں کے لیے مغرب میں Saracen اور عالم اسلام کے لیے Saracenic world کے الفاظ رائج تھے[1] بارہویں اور کسی حد تک تیرہویں صدی میں جو کہ بنیادی طور پر عربوں کے علمی سرمایہ کو یورپ کی زبان میں منتقل کرنے کا زمانہ تھا[2] اسپین اور سسلی کے علمی مراکز میں مسیحی اور یہودی فضلاء کی جو علمی سرگرمیاں تھیں ان کو Saracenic studies کے نام سے یاد کیا جاتا ہے[3] ان میں "دراسات شرقیہ" یا اسلامیہ کے تحت تیرہویں صدی کے اختتام تک عربی علوم وفنون کو یورپ تک منتقل کیا جا چکا تھا[4] اور یورپ میں ایک نئی تہذیب تشکیل پا رہی تھی جس کے اجزائے ترکیبی "یونانی۔عربی۔لاطینی" تھے[5] مختلف اقوام کے علوم وفنون سے استفادہ اگر مسلمانوں کو عہد عباسی میں تہذیبی قیادت کے منصب پر فائز کرنے کے سلسلے میں معاون رہا تھا تو مغربی زبانوں میں مسلمانوں کے اسی علمی سرمایہ کو منتقل کرنے ہی کی بدولت یورپ اپنے خواب گراں سے بیدار ہوا[6] جس وقت مشرق یا اسلامی دنیا تہذیبی اور فکری وعلمی سرگرمیوں کے ابھرتے مراکز سے بھری پڑی تھی، اس وقت "مغرب وحشت و بربریت کے دلدل میں تیزی سے دھنستے ہوئے جہالت اور پستی کی تاریک ترین گہرائیوں تک پہونچ چکا تھا"[7] صحیح معنوں میں مغرب کی نشاۃ ثانیہ پندرہویں صدی میں نہیں بلکہ اس سے قبل ہی عرب احیاء ثقافت کی مرہون منت ہے[8] یورپ کو نئی زندگی اٹلی میں نہیں بلکہ اسپین میں ملی[9] اسلامی دنیا کے ان علمی، ثقافتی اور فکری مراکز سے انسانی تمدنی ارتقاء کا ایک نیا باب سامنے آیا جس نے نوع انسانی کو ایک نئی

زندگی عطا کی[۱۰]

عہد عباسی میں جو تہذیب علمی، فکری اور ثقافتی سرمایہ اور اقدار سے معمور ہو کر جلوہ گر ہوتی ہے۔ اس کا وجود و نمود نوع انسانی کی فکری تاریخ کے عظیم ترین مراحل میں سے ایک مرحلہ کی حسین تصویر پیش کرتا ہے[۱۱] یہ حسین تصویر کسی بھی انسان سے اعلیٰ ترین خراج تحسین حاصل کرنے میں ناکام نہیں ہوتی[۱۲] لیکن ہم اسے کوئی پُراسرار معاملہ یا معجزہ بھی نہیں کہہ سکتے لیکن "شاید یہ ایک معجزہ ہے، کیونکہ یہ اسی قدر تیزی کے ساتھ سامنے آئی کہ ابتداء کے ساتھ ہی اس کی تکمیل ہو گئی"، اسے ہم پراسرار اس حد تک کہہ سکتے ہیں کہ فکری تخلیق کا ہر فعل اور ہر تہذیب کا ارتقاء ایسا معاملہ ہے جس کو پورے طور پر سمجھنے سے انسانی فہم قاصر ہے[۱۳]"۔
مسلمانوں کی اس عظیم الشان تہذیب نے جو خود اپنی ادبی، فنی اور فکری سرمایہ اور ورثہ سے مالامال اور ان کے مذہب کی تابانی کا آئینہ دار تھی[۱۴] پوری دنیا میں مختلف معاشروں کے اندر داخل ہو کر اس معیاری کمیت و کیفیت میں اثرات ڈالے جس کی نظیر دنیا کی فکری و ثقافتی تاریخی ارتقا میں ملنی مشکل ہے[۱۵]

تاریخ کے حوالے سے یقینی طور پر یہ کہنا مشکل ہے کہ لاطینی یورپ کا علمی حلقہ عربی اسلامی ورثہ سے ترجموں کی مدد سے کب متعارف ہوا اور کسی بھی مغربی زبان میں مسلم مصنفین کی کتابوں کا سب سے پہلے کس نے ترجمہ کیا البتہ قسطنطین افریقی Constantine the African (۱۰۲۰ء تا ۱۰۸۷ء) وہ پہلا شخص ہے جس سے باضابطہ اور منظم انداز سے ترجمہ کرنے کے دور کا آغاز ہوتا ہے، ترجمہ کے واقعی تاریخی دور کی ابتداء بارہویں صدی ہی کو قرار دینا چاہیے[۱۶]

قسطنطین افریقی وہ پہلا معلوم شخص ہے جس نے سب سے پہلے لاطینی میں عربی کتابوں کا ترجمہ کیا[۱۷] یہ شخص Carthage میں ۱۰۲۰ء میں پیدا ہوا اور ایک زمانہ دراز تک سفر کرنے کے بعد (جو اس کے حصول علم کے سلسلہ میں معاون ہوا) وطن واپس آیا، اس کے سفر کی زندگی کے اکثر حصے غلامی کی حالت میں گزرے، لیکن یونانیوں، بابلیوں اور اہل ہند کے علوم سے واقف ہونے کی بنا پر اپنے ہم وطنوں سے کہیں زیادہ فائق رہا۔ دلچسپ بات تو یہ ہے کہ ان علوم و فنون سے واقف ہونے کی بنا پر اس کو اہلِ وطن نے جادوگر قرار دیا اور اس کو اپنا وطن چھوڑنا پڑا۔ چنانچہ اس نے

گیارہویں صدی کے نصف میں یورپ کی راہ اختیار کی چونکہ اپنی اصل مادری زبان کے علاوہ عربی اور لاطینی سے بھی واقف تھا اسی لیے سسلی کے نارمن نسل کے فرمانروا Robert Guiscard نے سکریٹری کے طور پر اس کو ملازم رکھ لیا۔[۱۸]

قسطنطین افریقی کے لاطینی ترجمے اگرچہ کچھ زیادہ تشفی بخش نہیں سمجھے جاتے، تاہم اسے عہد وسطیٰ میں یورپ کے ذہنی ارتقاء کی تاریخ میں اہم ترین شخصیتوں میں شمار کیا جاتا ہے۔ ۱۰۶۰ء میں وہ Salerno آیا، یہیں سے اس کی علمی سرگرمیاں شروع ہوتی ہیں۔[۱۹] ان علمی اور ادبی سرگرمیوں ہی کی وجہ سے اس کو Orientis et occidentis doctor یا ماہر دراسات شرقیہ وغربیہ کا خطاب دیا گیا تھا۔[۲۰] اس کے ترجمہ کا یہ اثر ہوا کہ بعد کے عہد وسطیٰ میں Materia Madica (مخزن الادویہ) اور Poly Pharmacy پر بڑی توجہ مبذول کی جانے لگی اس پر عربوں کا سب سے زیادہ اثر تھا۔[۲۱] اس نے جن کتابوں کو لاطینی زبان میں منتقل کیا، ان کی تعداد ۳۲ بتائی جاتی ہے۔[۲۲]

اسلامی اندلس کے امراء وسلاطین مختلف علوم وفنون کے ارتقاء کے سلسلہ میں کیا تعاون پیش کر رہے تھے اور اس وقت کے مسلمانوں کا علمی ذوق اور اشتغال کس حد تک تھا، یہاں اس پر خامہ فرسائی کا موقع نہیں ہے۔[۲۳] یہاں تو صرف یہ جائزہ لینا مقصود ہے کہ یورپ کو خواب گراں سے بیدار کرنے میں عربی واسلامی اثرات نے کیا کردار ادا کیا۔ تاریخ کے روزن سے جھانک کر اگر علوم وفنون کے اسلامی مراکز کا نظارہ کیا جائے تو عہد اموی (۶۶۱ء تا ۷۵۰ء) میں دمشق، عہد عباسی (۷۵۰ء تا ۱۲۵۸ء) میں بغداد، عہد اغالبہ (۸۰۰ - ۹۰۳ء) میں قیروان، اصفہان، کوفہ، تونس، اور قاہرہ جیسے تاریخی مراکز نظر آئیں گے۔[۲۴] مسلمانوں کا علمی سرمایہ مغرب کے جن مراکز میں پہونچ کر مغربی زبانوں اور خصوصاً لاطینی زبان میں منتقل ہوا، ان میں طلیطلہ (Toledo) پیرنس (Pyrenees) لورین (Lorraine) طولوس (Toulouse) ناربون (Narbonne) مونٹ پیلیے (Montpellier) سیبول (Seville) سلرنو (Salerno) اور دیگر مراکز شہرت رکھتے ہیں۔[۲۵] عربی اسلامی علمی سرمایہ کو یورپ کی زبانوں میں منتقل کرنے کے سلسلہ میں طلیطلہ (Toledo)

ہی کو مرکزی حیثیت حاصل رہی[۲۶]۔

اسپین میں لاطینی ثقافت کا عربی اسلامی ثقافت سے قریبی اتصال رہا[۲۷]۔ عربی زبان کے علمی سرمایہ کو لاطینی زبان میں منتقل کرنے کی منظم انداز سے ابتدا، Toledo کے پادری Raymond سے مربوط ہے جو اس منصب پر ۱۱۳۰ء سے لے کر ۱۱۵۰ء تک فائز رہا[۲۸]۔ ۱۱۳۰ء یا اس کے تھوڑے زمانہ بعد اس نے ترجمہ کے لیے ایک ادارہ قائم کیا اور اس ادارہ کا ڈائرکٹر ایک دوسرے پادری Dominicus Gundisalvi کو بنایا[۲۹] جس پر فلسفہ اور سائنس کی عربی کتابوں کو لاطینی میں منتقل کرانے کی ذمہ داری تھی جس میں ارسطو کی کتابوں کے عربی ترجمے اور فارابی[۳۰] و ابن سینا[۳۱] کی وہ کتابیں بھی شامل تھیں جو یونانی منطق، فلسفہ، طب اور دیگر علوم کے عربی ترجمہ، تشریح یا تنقیح و تنقید پر مشتمل تھیں[۳۲]۔

مغرب میں عربی کتابوں کے ترجمے کی تاریخ کو تین مختلف ادوار میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، پہلا دور گیارہویں صدی مسیحی کے نصف آخر سے شروع ہو کر بارہویں صدی کے نصف اول پر ختم ہوتا ہے، قسطنطین افریقی اس عہد کا سب سے نمایاں نمائندہ مترجم تھا، دوسرا دور بارہویں صدی کے نصف اول سے شروع ہو کر اسی صدی کے نصف آخر پر ختم ہوتا ہے۔ اس دور کا سب سے نمائندہ مترجم John of Seville (۱۱۲۶ء تا ۱۱۵۱ء) تھا جس نے عربی سے لاطینی میں ۱۸ کتابوں کو منتقل کیا۔ تیسرا دور بارہویں صدی کے نصف آخر سے شروع ہو کر تیرہویں صدی پر ختم ہوتا ہے، اس دور میں جرارڈ قرامونی (Garard of Cremona) (۱۱۱۴ء تا ۱۱۸۷ء) کے ترجموں کی بدولت یورپ میں عربی علوم نے سیلاب کی شکل اختیار کر لی اس کے ترجموں کی تعداد پچاسی[۸۵] ہے[۳۳]۔

اسپین اور سسلی[۳۴] دو ایسے ممالک تھے جہاں کے علمی مراکز سے عربی طبی علوم پورے یورپ میں پھیلے[۳۵]، لیکن اس سلسلہ میں اسپین کو سسلی سے کہیں زیادہ فوقیت حاصل تھی[۳۶]۔ طلیطلہ (Toledo) جس پر عیسائی حکومت کر چکے تھے، اس وقت بھی بڑی حد تک مسیحی باقی رہا، جب مسلمانوں کا اس پر قبضہ ہو گیا۔ طلیطلہ ۷۱۲ء سے لے کر ۱۰۸۵ء تک مسلمانوں کے قبضہ میں رہا۔ اس مرکز علم سے جب ترجموں کا سلسلہ چلا

تب بھی اسپین کا ایک دوسرا شہر قرطبہ (Cardova) عربی علوم طب اور فلسفہ کے سلسلہ میں بنیادی مرکز رہا، اس زمانہ میں طب وفلسفہ ایک ساتھ پڑھایا جاتا تھا۔ مسلمانوں کی آمد سے قبل بھی سیول (Seville) عربی اور دیگر مشرقی زبانوں کے ایک اہم مرکز کی حیثیت رکھتا تھا، اور آگے چل کر بڑی حد تک ترجمہ کا کام اسی کی یونیورسٹی میں انجام پایا۔[37] ۱۰۸۵ء میں کاستیہ (Castile) کے مسیحی حکمراں الفونس (Alphonse) نے طلیطلہ پر قبضہ کر لیا۔[38] مسیحی سرپرستی کے تحت اس کے ادارہ میں زیادہ منظم انداز سے کام ہونے لگا اور مغرب کے لاطینی علماء کو دراسات شرقیہ کے سلسلہ میں زیادہ سہولتیں اور حوصلہ افزائیاں حاصل ہوئیں۔[39] اسپین کے یہودیوں نے جن کا ذریعۂ تعلیم عربی زبان تھی طب اور فلسفہ کی کتابوں کے عبرانی ترجمہ میں خصوصًا سرگرمی سے حصہ لیا۔[40] عمومی سائنس کی تاریخ میں وہ اس پہلو سے اہمیت کی حامل ہیں، عرب سائنس اور فلسفہ مکمل طور سے یورپ کے سامنے تھا۔[41] طلیطلہ سے روانہ ہونے والا علمی اور فکری قافلہ پیرینس (Pyre-nees) سے راہ بناتے ہوئے البین (Alpine) کے درّوں سے ہو کر لورین (Lorraine) جرمنی، وسط یورپ اور خلیج برطانیہ کو پار کرتے ہوئے برطانیہ تک پہونچ گیا تھا۔[42] جنوبی فرانس کے اہم مراکز میں ٹولوز، ناربون، اور[43] مونٹ پیلیر کے نام آتے ہیں ان میں سے آخرالذکر تو تیرہویں صدی میں فرانس میں طب اور فلکیات کے علوم کا اہم ترین مرکز بن گیا تھا۔[44] لورین (Larrainne) دسویں صدی ہی میں عربی سائنس سے متعارف ہو چکا تھا اور بعد کی دو صدیوں میں سائنسی اثرات کے سلسلہ میں اہم مرکز بن گیا۔ لیج (Liege) جارز (Gorze) کولونہ (Colonga) اور دیگر لوتھارینی (Lotharingian) شہر عربی علوم کی افزائش کے لیے سازگار ثابت ہوئے۔[45] فلورین (Florrainne) سے اس کی ضیاء پاش کرنوں نے جرمنی کے دیگر حصوں کو منور کیا۔ جس کی روشنی وہاں تعلیم پانے والے افراد کے ذریعہ نارمن برطانیہ تک پہونچی۔[46] شمال میں جرمن حکمرانوں کے ذریعہ اسپین کے مسلمان حکمرانوں کے دور میں سفیروں کا تبادلہ اکثر وبیشتر ہوتا رہا جو فکری وعلمی لحاظ سے سودمند ثابت ہوا۔ ۹۵۳ء میں جرمن کے مشہور حکمراں اوٹو (Otto) نے جان (John) نامی ایک لوتھارنگین راہب کو سفیر بنا کر بھیجا۔ اس نے قرطبہ میں تقریبًا تین سال تک قیام کیا، وہاں عربی سیکھی اور اپنے ساتھ بہت سے عربی

مخطوطات لے کر وطن واپس آیا۔ اس طرح اسپین کے عربی علوم تمام مغربی یورپ میں داخل ہوئے[۴۶] Adelard of Bath (۱۱۲۶ء تا ۱۱۵۱ء) ان ابتدائی مترجمین میں سے تھا جو ادارہ کے قیام سے قبل ۱۱۰۰ء میں طلیطلہ آچکا تھا[۴۷]۔ اس نے سسلی کا بھی سفر کیا اس نے اقلیدس کے عربی نسخہ کا لاطینی میں ترجمہ کیا[۴۸]۔ اور عرب سائنس کی ایک تلخیص تیار کر کے شائع کیا[۴۹]۔ ایک دوسرا شخص جس کا اس موقع سے ذکر کیا جا سکتا ہے Robert de Retines نامی ایک انگریز تھا جس نے ۱۱۴۱ء اور ۱۱۴۳ء کے درمیان قرآن کا سب سے پہلے لاطینی زبان میں ترجمہ کیا تھا[۵۰]۔

طلیطلہ کے ادارہ میں جن کتابوں کا ترجمہ ہوا ان میں ترجمہ کا انداز بالکل لفظی اور مزاج بالکل عربی تھا[۵۱]۔ مترجمین عربی الفاظ کے لیے لاطینی مترادف لانے کی کوشش کرتے تھے اگرچہ اصل کے معنی پورے طور پر منتقل نہ ہوں۔ اگر کسی عربی لفظ کے مناسب لاطینی لفظ نہ ملتا تو عربی لفظ ہی کو لاطینی میں اسی طرح لے لیتے، ان کے سامنے عربی الفاظ کے لیے لاطینی الفاظ اور اصطلاحات کا مسئلہ سب سے زیادہ پیچیدہ تھا۔ یہی وجہ ہے کہ الکیمیاء کے لیے Alchemy، الاکسیر کے لیے elixir صفر کے لیے Cypher، فارسی لاژورد کے لیے Azurd جیسے الفاظ آج تک پہنچ چکے ہیں[۵۲]۔ لاطینی، فرانس اور دیگر ترجموں میں پائے جانے والے عربی الفاظ بے شمار ہیں، رسلر نے نمونے کے طور پر کچھ الفاظ درج کیے ہیں[۵۳]۔ سسلی کے حکمراں فریڈرک دوم (۱۲۱۲ء تا ۱۲۵۰ء) نے جب ۱۲۳۱ء میں حکومت کو از سر نو منظم کرنے کے بعد پاپائیت سے کشمکش کا آغاز کیا[۵۴] اور اپنے دربار سے بہت سے علماء و فضلاء کو متعلق کیا تو ان علماء میں میخائل اسکاٹ (۱۱۷۰ء تا ۱۲۹۴ء) بھی شامل تھا، اس نے عربی کتابوں کے مطالعہ اور ترجمہ کا آغاز پلرمو ہی میں کر دیا تھا۔ فریڈرک دوم نے اس طرح دراصل پاپائیت کے خلاف سخت قدم اٹھایا تھا جو ہمیشہ علوم و فنون کی حوصلہ شکنی کرتی رہی تھی، اسکاٹ نے سب سے پہلے ابن رشد[۵۵] کی کتابوں کا ترجمہ کیا جس کا مغربی لاطینی علم کلام پر بڑا اثر پڑا[۵۶]۔ اس نے ابن سینا اور ارسطو کی بھی کئی کتابوں کو لاطینی میں منتقل کیا۔ ۱۲۱۷ء میں اسکاٹ کا طلیطلہ میں موجود رہنے کا واضح طور پر ثبوت ملتا ہے[۵۷] اسکاٹ کی لاطینی کتابوں میں ابن رشد کی De coelo et mundo

(فی السماء والعالم) De generation et de corruptione (کتاب الکون والفساد) اور Physics (کتاب الطبیعیات) کی شرح بھی شامل ہے[۵۸]
فریڈرک II مشرقی آداب و روایات کا بڑا مداح تھا[۵۹]۔ اس نے مشرقی آداب و اطوار اختیار بھی کر لیے تھے[۶۰]۔ خصوصاً عربی اطوار و روایات[۶۱]۔ سب سے اہم بات یہ ہے کہ عربی فلسفہ کا وہ بڑا مداح تھا کیوں کہ اس نے اس موضوع پر اصل عربی کتابوں کا مطالعہ کیا تھا[۶۲]۔ وہ عربی، فرانسیسی، جرمن، اطالوی اور یونانی زبانیں جانتا تھا[۶۳]۔ عام مورخین اس کو ایک آزاد مفکر کے لحاظ سے پیش کرتے ہیں[۶۴]۔ ۱۲۲۴ء میں اس نے نیپلس (Naples) میں ایک یونیورسٹی قائم کی اور منصوبہ بند طور پر عرب علوم و فنون کو مغربی دنیا تک پہونچانے کے لیے ایک اکیڈمی بھی قائم کی[۶۵]۔ عربی سے لاطینی اور یونانی زبانوں میں اس اکیڈمی میں بہت سے ترجمے کیے گئے[۶۶]۔ اسی کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی کی بدولت تقریباً ۱۲۱۷ء میں میخائل اسکاٹ طلیطلہ آیا اور ارسطو کی کتاب "السماء والعالم" (De coelo et mundo) کی ابن رشد کی شرحوں کا ترجمہ کیا[۶۷]۔ اس نے ابن رشد اور ابن سینا کی بعض دیگر کتابوں اور شرحوں کو بھی لاطینی میں منتقل کیا۔ عربی کتابوں کے ان ترجموں اور تصحیح کے ساتھ مطلق علمی و سائنسی سرگرمیوں کو مسیحی یورپ کا مذہبی طبقہ کن نظروں سے دیکھتا تھا، اس کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہے کہ دانتے نے طربیہ خداوندی میں میخائل اسکاٹ کو دوزخ میں دکھایا ہے[۶۸]۔

مترجمین کی تمام دلچسپی طب، ریاضی، نجوم، فلکیات، فلسفہ اور طبیعیات کی کتابوں سے رہی، تیرہویں صدی کے وسط تک تقریباً ابن رشد کی تمام فلسفیانہ تصانیف و تراجم اور شروح کو لاطینی زبان میں منتقل کیا جا چکا تھا[۶۹]۔ اس سلسلہ میں صرف منطق (Organon) کی اس کی شرح اور ایک دوسری کتاب تہافۃ التہافۃ کو مستثنیٰ کیا جاتا ہے جن کا ترجمہ ۱۳۲۷ء میں یہودی فاضل Colonymes نے مکمل کیا[۷۰]۔

فریڈرک II کے جانشین حکمرانوں نے بھی عربی علوم و فنون کی اشاعت کی حوصلہ افزائی کی[۷۱]۔ فریڈرک باربروسا[۷۲] Frederick Barbarossa اور دیگر سلاطین کی حوصلہ افزائی سے طلیطلہ کی تحریک ترجمہ میں مزید پیش رفت ہوئی، مورخین کا بیان

ہے کہ جرارڈ قرامون Gerard of cremona (۱۱۱۴ء تا ۱۱۸۷ء) بروساہی کی دعوت پر ۱۱۶۷ء میں طلیطلہ گیا تھا اور مقصد ابن سینا کی القانون کا ترجمہ کرنا تھا۔[73]

تیرہویں صدی مسیحی بنیادی طور پر عربوں کی کلامی روایتوں کے احیاء کا عہد تھا۔[74] جس کو پوری نوع انسانی کی تاریخ میں اہم حیثیت حاصل ہے۔[75] اس زمانہ میں فکری سرگرمیوں کا منبع بنیادی طور پر عرب مصنفین تھے۔[76] جن میں سے ابن رشد، ابن زہر[77] (Avenzoar) متوفی ۵۹۵ھ مطابق ۱۱۹۸ء، ابن رشد (Averroes) اور البقاسیس[78] (Albucasis) ممتاز ترین حیثیت رکھتے ہیں۔ البرٹ اعظم (Albertus Magnus) اور راجر بیکن (Rajer Becon) جو تیرہویں صدی مسیحی کے عرب کلامی طب کے ممتاز فضلاء شمار کیے جاتے ہیں ان کی تعلیم کے ذرائع مکمل طور پر عربی تھے۔[79]

جرارڈ قرامون جیسے باصلاحیت اور ماہر زبان دان کے لیے وہ مشکلات جلد ہی ختم ہوگئیں جو طلیطلہ کے ابتدائی مترجمین کو پیش آتی تھیں۔[80] اس نے عربی ایک مقامی مسیحی عالم ابن مخالب سے سیکھی تھی۔[81] اس نے جن کتابوں کا ترجمہ کیا وہ مشرقی اسلامی ریاستوں سے مغرب لائی گئی تھیں۔[82] طلیطلہ ہی میں ۷۳ سال کی عمر میں اس کا انتقال ہوا۔ وصیت کے مطابق St. Lucy کی خانقاہ میں اس کی ساری کتابیں رکھ دی گئیں جہاں اس کی تدفین عمل میں آئی تھی۔[83]

جرارڈ نے شاید القانون کا ترجمہ نہیں کیا تھا بلکہ اس کے ایک صدی بعد Gerard of Sibboinetta نے اس کو مکمل کیا اور اسی نسخہ کو سامنے رکھ کر بہت سے نئے ترجمے سامنے آئے۔[84] قرامون کی طرح سیبونٹ نے بھی عربی سرمایہ کو لاطینی یورپ تک منتقل کرنے میں بڑی خدمات انجام دیں۔[85] دونوں جرارڈوں کے ترجمے مخطوطہ کی شکل میں پیرس، روم اور آکسفورڈ کے کتب خانوں میں آج تک محفوظ ہیں۔[86] جرارڈ قرامون کے اکثر ترجمے ۱۱۷۰ء اور ۱۱۸۷ء کے درمیان ہوئے طب کی بنیادی کتابوں کے ترجمہ کی ترتیب اس طرح دی جاتی ہے۔

۱۔ رازی[87] کی کتابیں جو Liber ed Almansorum کے نام سے مشہور ہیں۔

۲۔ البقاسیس کے سرجری سے متعلق تین رسالے۔

(۳) ابن سینا کی القانون جس کا ایک حصہ سرجری سے متعلق ہے۔[۸۸]
اس زمانہ کے لاطینی مترجمین میں مارکوس (Marcus) (۱۲۰۰ء) کا نام بھی آتا ہے جس نے جالینوس کی بعض عربی ترجمہ شدہ کتابوں کو لاطینی میں منتقل کیا، اسی طرح دمینکو گا نجلس (Demenico gonzeles) نے جو ایک مقامی عیسائی تھا۔ ارسطو کی دو کتابوں اور ابن سینا کی Sufficien tia کا ترجمہ کیا۔[۸۹]

۱۲۰۴ء میں قسطنطنیہ کی فتح کے بعد مغرب کو ان کتابوں کے اصل یونانی نسخے حاصل ہونے لگے، جو عہد عباسی میں عربی میں منتقل کی گئی تھیں۔ ابتدائی یونانی کتابیں جو مشرق میں پائی جاتی تھیں، عموماً فلسفہ سے متعلق ہوتی تھیں اور یہ معلوم ہے کہ لنکولن (Lincoln) کے پادری رابرٹ گراسٹسٹ کے ایما پر ارسطو کی کتاب الاخلاق (Ethics) کا ترجمہ اصل یونانی نسخے سے کیا گیا تھا اور ولیم آف میور بیک (William of Moerbeke) نے اسی کے کتاب الشعر اسطوریتا اور کتاب السیاستہ کو لاطینی میں منتقل کیا تھا، لیکن ان ترجموں سے اس رجحان پر کوئی اثر نہیں پڑا جو طلیطلہ کے ادارہ میں ترجمہ شدہ کتابوں کے مطالعہ اور مقبولیت کے سلسلے میں پایا جا رہا تھا۔[۹۰]

سسلی کا مرکز ترجمہ اندلس کے مرکز کے مقابلہ میں کم سرگرم تھا اور ۱۲۸۵ء میں یہودی فراگوٹ (Farragut) کی موت سے جو سسلی الاصل اور سلرنو ہی کا تعلیم یافتہ تھا جو عرب طب کا اہم مرکز تھا ترجمہ کا ایک بڑا عہد اختتام کو پہونچا۔[۹۱] فیراگوٹ نے جن کتابوں کا ترجمہ کیا ان میں رازی اور بعض دوسرے مسلم مصنفین کی کتابیں اور جالینوس کی ایک کتاب شامل ہے جس کو حنین بن اسحاق نے عربی میں منتقل کیا تھا اسی عربی ترجمہ کا فراگوٹ نے لاطینی میں ترجمہ کیا۔[۹۲]

یہ سارے ترجمے یورپ کے کلامی دانشوروں کے مطالعہ میں رہے۔[۹۳] اس وقت مغرب میں جو کلامی روایتیں اور شخصیتیں تھیں انھوں نے عربی فکر و فلسفہ پر سخت حملے بھی کیے۔[۹۴] ان کلامی شخصیتوں کو چار گروہوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(۱) شارحین

(۲) جامعین

(۳) تطبیق دینے کی کوشش کرنے والا گروہ جس نے جدلیات کے ذریعہ یونانی

اور عرب علماء کے آرا میں تطبیق کی کوشش کی۔
(۴) وہ افراد جنہوں نے مستقل ترتیب کے ساتھ کسی مصنف کے خیالات کو جمع کیا اور ہم آہنگی پیدا کرنے کی کوشش کی[۹۵]

تاریخ کا یہ وہ دور تھا جس میں آزاد فکر کی نمایاں کمی محسوس ہوتی ہے[۹۶] قسطنطین افریقی کے اثرات تیرہویں صدی میں ظاہر ہونے لگے جنھیں گوالتھرنوس، رچرڈس انگلیوس، گلبرٹ انگلیوس، پطرس ہسپانس، انیگلیکس، اور ژاں سینٹ امانڈ (Jean St. Amand) کی تحریروں میں محسوس کیا جا سکتا ہے۔ سینٹ امانڈ نے Revocatum Memorial کے نام سے ایک کتاب بھی لکھی جو دراصل جالینوس اور ابن سینا کے خیالات و نظریات کا مجموعہ تھی، اس کی ایک اور کتاب Aveslae ہے جس کو Materia Medica کے سلسلہ میں دستورالعمل جیسی چیز Vade Mecum شمار کی جاتی ہے[۹۷]

عربی کتابوں کے ترجمے سے یورپ میں اس وقت رائج طب اور فلکیات کے نظریات پر بہت اثر پڑا[۹۸]۔ اور عہد وسطیٰ کے طبی نصاب کے موضوع پر فلکیات نے ایک اہم مضمون کی حیثیت اختیار کر لی جس کی اہمیت بدستور سائنس اور طب کے عہد وسطیٰ (۱۵۴۳ء) کے اختتام تک باقی رہی[۹۹]

عناصر اربعہ کا عقیدہ مسیحی دنیا میں ارسطو کی کتابوں سے ورثہ کے طور پر چلا آرہا تھا اور یہ سمجھا جاتا تھا کہ تمام مادی چیزیں چار عناصر سے ترکیب پاتی ہیں یعنی آگ، پانی، ہوا، مٹی، عربی کتابوں کے ذریعہ ہی اس نظریہ کو مزید تقویت ملی[۱۰۰] اسی طرح منطقۃ البروج سے متعلق علامات، سیارے اور انسانی جسم کے مختلف حصوں میں براہ راست تعلق اور تفاعل کا اعتقاد اگرچہ کلاسیکل عہد سے چلا آرہا تھا (خصوصاً مینیکس ماٹیرنس ۳۳۰ء، ادتیوس ۳۸۰ء اور دیگر یونانی مصنفین کی کتابوں کی بدولت) مگر لاطینی یورپ میں عربوں ہی کی بدولت اس کو تائید حاصل ہوئی[۱۰۱]۔ عربی کتابوں نے بڑے پیمانے پر عہد وسطیٰ میں تصنیف کی جانے والی کتابوں پر اثر ڈالا ان کتابوں میں ڈائگراموں کے ذریعہ انسانی اعضاء کو بتایا گیا ہے۔ جن پر منطقۃ البروج اور اس کے علامات کا اثر پڑتا ہے اور ساتوں سیاروں کے تعلق کو Viscare یا احشاء

امعاء سے دکھایا گیا ہے یہ اعتقادات *Macrocosme* (عالم اکبر) اور *Microcosme* (عالم اصغر) کے نظریات سے مربوط تھے۔ مؤخرالذکر ہی کی اساس پر عربی عہد سے قبل کے سائنسی نظریات اور خیالات تشکیل پائے تھے[۱۲]
فراگوٹ کی موت پر ترجمہ کا دور ختم ہوتا ہے۔ مگر اس وقت تک عربی اسلامی علمی وثقافتی ورثہ ترجمہ کی شکل میں لاطینی یورپ کے ہاتھ میں تھا۔ اس کے بعد ہمارے سامنے وہ کلامی عہد آتا ہے جس میں عربی طبیعیاتی، فلسفیانہ اور الہیاتی علوم کا پہلے متصوفانہ پھر عقلیت پسندانہ منہاجیات سے مطالعہ کیا گیا[۱۳]

نویں صدی اور بارہویں صدی کا درمیانی عرصہ ایمان اور عقل کے درمیان تطبیق دینے کا عہد قرار دیا جاتا ہے اسی عہد میں ان عناصر کا بھی خصوصیت کے ساتھ مطالعہ کیا گیا جن سے کوئی زبان ترکیب پاتی ہے، اس کے نتیجہ میں دو مکاتب فکر کے درمیان زبانی جدلیات اور نہ ختم ہونے والے اختلافات شروع ہوئے جن کو *Scotists* اور *Nominalists* یا *Thomists* کے نام سے *Realists* یاد کیا جاتا ہے[۱۴] بارہویں صدی سے لے کر سولہویں صدی تک ارسطو کی تحریروں سے خصوصاً عربی ذرائع سے متعارف ہونے کی وجہ سے اس قسم کی بحث ونظر میں زیادہ پیشرفت ہوئی، لیکن یہ پیش رفت تصوف کے ساتھ مظاہر فطرت کے مطالعہ کے سلسلہ میں بھی ہوئی۔ اسمیت (*Nominalism*) اور حقیقیت (*Realism*) کی باہمی کشمکش ہی سے، جو عمومی انداز سے سائنس اور طب میں روزافزوں ارتقاء سے مربوط تھی، عہد وسطیٰ کے طبی علم کلام میں انحطاط آیا۔[۱۵]

یورپ میں عربی اثرات کے مرتب ہونے کی سب سے بڑی مثال یہ ہے کہ قرطبہ *Cordova* کے سقوط (۱۲۳۶ء) کے بعد ہی اسپین میں بڑی دانش گاہیں قائم کی گئیں، پندرہویں صدی کے اختتام تک صرف اسپین میں سولہ دانش گاہیں قائم کی جا چکی تھیں[۱۶] اگرچہ ان میں کچھ ایسی یونیورسٹیاں بھی تھیں جن میں شعبۂ طب نہیں تھا سیول (*Seville*) کی یونیورسٹی تو عربی تعلیم کے لیے خصوصیت کے ساتھ وقف تھی، اسپین کی جغرافیائی صورت حال ایسی تھی کہ عمومی انداز سے یورپ تک مشرقی علوم اور ورثہ کو منتقل کرنے میں بنیادی کردار ادا کر سکتی تھی[۱۷]

ترجموں کے سلسلہ میں ایک قابل غور بات یہ ہے کہ طب کی تمام کتابوں کو اسی وقت لاطینی میں منتقل کیا گیا، عہد عباسی میں یونانی کتابوں کے عربی ترجمہ کے سلسلہ میں جس صحت کا التزام کیا گیا تھا اسپین کے سسلی کے مراکز میں لاطینی ترجمہ میں وہ بڑی حد تک مفقود تھی[۱۰۷]۔ یہی وجہ ہے کہ عہد وسطیٰ میں جن عربی کتابوں کو لاطینی میں منتقل کیا گیا ان سے عربی طب کا یقینی اور صحیح خط و خال کا تصور کسی حد تک دشوار ہے[۱۰۸]۔

عہد وسطیٰ کے علم کلام کا عمومی انداز یورپ میں عربی احیاء کا براہ راست ثمرہ تھا[۱۰۹]۔ اس کا واضح طور پر اثر تو اس وقت سامنے آیا جب ۱۲۰۹ء میں پیرس میں سب سے پہلے مسیحی دینی اجتماع منعقد کیا گیا[۱۱۰]۔ صحیح ترین معنوں میں طبی لٹریچر عرب مصنفین اور قدماء کی تصانیف ہی سے تیار کیا گیا تھا[۱۱۱]۔ مغرب کے لاطینی باشندوں تک عربوں کا جو طبی لٹریچر پہونچا اسی کی بدولت تقریباً بارہویں صدی کے نصف میں مغرب کے طبی نظام کو دوبارہ جنم ملا جہاں سے صحیح معنوں میں عہد وسطیٰ کا آغاز ہوتا ہے[۱۱۲]۔

تیرہویں صدی میں جب عربی تصانیف کے ذریعہ ارسطو کی طبی سائنسی کتابوں سے مغرب متعارف ہوا، یہی عمومی انداز وہاں علوم و فنون کے احیاء کا سبب تھا[۱۱۳]۔ نئی سائنسی تحریک جن کے زیر سایہ پروان چڑھی، اس سلسلہ میں ابن سینا (۱۰۳۷ء) غزالی (۱۱۱۱ء) اور ابن رشد (۱۱۹۸ء) کے نام واضح طور پر لیے جا سکتے ہیں[۱۱۴]۔ یونیورسٹیاں ہی وہ بنیادی مراکز تھیں جن کا اثر فکری رجحانات پر زیادہ پڑا۔ نو ارسطویت (Neo-Arstotelianism) کا ظہور و ارتقاء پہلے مرحلہ میں درسی کتابوں کے اختصارات اور ابن سینا و غزالی کی شروح سے ہوا اور بعد میں ارسطو کے کسی حد تک مکمل نسخوں اور ابن رشد کی "شرحوں" کا زیادہ اثر پڑا۔ ان میں سے پہلا نسخہ منطق پر ہے جس کو ۱۱۵۰ء میں طلیطلہ کے ادارہ ترجمہ میں مکمل کیا گیا تھا۔ اس وقت لاطینی یورپ کے علمی حلقوں میں ساری علمی و فکری سرگرمیوں کا محور غزالی، فارابی، ابن سینا (۸۷۰ — ۹۵۰) ابن عربی (۱۱۶۵ — ۱۲۰۴ء) اور دیگر اسلامی کلامی اور فلسفیانہ شخصیتیں رہیں[۱۱۵]۔

راجر بیکن کی کتاب Epistela de accidentibus Senectu کا سارا مواد عربی طبی کتابوں سے ماخوذ ہے[۱۱۶]۔ اس میں ابن سینا، رازی اور دیگر اندلسی اطباء و حکماء کی کتابیں بھی شامل ہیں۔ اس کتاب کی تصنیف کے بعد اس نے یونانی زبان

سیکھنا شروع کی تھی جو اس وقت اٹلی میں تحریر اور بول چال کی زبان تھی، اسے عربی نہیں آتی تھی۔[۱۱۷]

اس صدی میں بلوگنہ (Bolegna) کی دانش گاہ طبی تعلیم کا ایک اہم مرکز بن گئی، ۱۲۶۰ء میں وہاں ایک سائنسی اسکول کھولا گیا تھا جس کو فلورنس کے تھوڈیس (Thadeus) کے نام سے جوڑا جاتا ہے، جس کی تاسیس خود ابن سینا کے افکار و نظریات پر ہوئی تھی۔[۱۱۸] اسی صدی کے اختتام پر بلوگنا میں طب اور فلکیات میں ایک قریبی ربط پیدا ہو گیا اور رتھیوڈورس، رولینڈ آف پارما اور ولیم آف سالیسٹو کی خصوصی توجہ کی بدولت وہاں سرجری کی تعلیم اچھی ہونے لگی رتھیوڈورس (۱۲۰۶ء، ۱۲۹۸ء) کی ساری سرگرمیاں بلوگنا ہی میں انجام پائیں۔[۱۱۹] اسپین کے یہودیوں میں ابن رشد کے فلسفہ کے سلسلہ میں ایک زبردست مکتب فکر پیدا ہو گیا تھا،[۱۲۰] جس کے واسطے سے بعد میں ابن رشد کے افکار و نظریات سے لاطینی کلامی حلقہ متعارف ہوا۔[۱۲۱] خصوصاً یہودیوں نے عربی فلسفہ کو لاطینی اور عبرانی زبان میں منتقل کرنے کے سلسلہ میں جو خدمات انجام دیں اور جن کی تاریخی حیثیت تسلیم شدہ ہے ان کو دو مرحلوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، پہلا مرحلہ تو وہ ہے جب اصل عربی کتابیں براہِ راست ان زبانوں میں منتقل ہو رہی تھیں اور کسی قسم کے حذف و اضافہ سے کام نہیں لیا جاتا تھا، اس مرحلہ میں جن کتابوں کا ترجمہ ہوا اسلامی فلسفہ میں ان کو مرکزی اہمیت حاصل ہے، دوسرے مرحلہ میں یہودیوں کی حیثیت مختلف تھی اب وہ خود اپنی کلامی روایتوں اور ورثہ کو پیشِ نظر رکھ رہے تھے۔ یہی وجہ ہے کہ داخلِ نصاب کتابوں اور مصنفین کے انتخاب پر اُس وقت کے یہودی علم کلام کے اثرات مرتب ہو رہے تھے۔[۱۲۲] اسپین کے یہودی خصوصاً طب کے میدان میں امتیازی حیثیت کے مالک تھے جن کا سرمایہ مکمل طور پر عرب مصنفین کی کتابیں تھیں انھوں نے عرب مصنفین کی تحقیقات کو مزید آگے بڑھایا۔[۱۲۳]

تاریخی ترتیب کے لحاظ سے عربی سے عبرانی میں ترجمہ کا کام عربی سے لاطینی میں ترجمہ کے بعد شروع ہوا۔ چنانچہ عبرانی زبان میں ترجمے تیرہویں صدی میں ہونے شروع ہوئے۔[۱۲۴] اس سلسلہ میں سب سے زیادہ مشہور اور ممتاز یہود ابن تبون کا خاندان رہا لیکن خود ابن تبون کا مترجم ہونا محل نظر ہے، سب سے پہلا ترجمہ سموئیل بن تبون نے

کیا تھا جس کو "آراء الفلاسفۃ" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے، یہ دراصل ابن رشد اور دیگر مسلمان فلاسفہ کی کتابوں سے لی گئی مختلف عبارتوں کا مجموعہ تھا[۱۲۵] لاطینی ترجموں اور عبرانی ترجموں کا زمانہ کسی حد تک باہم مل بھی جاتا ہے، لیکن دونوں بالکل جداگانہ اور آزاد حیثیت کے حامل رہے اور ان میں سے کوئی دوسرے پر اثر انداز نہیں ہوا، البتہ چودھویں صدی میں اس قسم کے اثرات کی ضرور نشاندہی کی جاسکتی ہے[۱۲۶] لاطینی اور عبرانی زبانوں میں منتقل کرنے کے دوسرے مرحلہ میں اس میں بہت سی کتابیں ایسی ملتی ہیں جو عربی سے عبرانی کے توسط سے لاطینی میں منتقل کی گئیں۔ اسی وجہ سے ابن رشد کے فلسفہ کو اور زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی، کیونکہ اس سے قبل جن عربی کتابوں کو براہِ راست لاطینی میں منتقل کیا جارہا تھا ان میں زیادہ انحصار ابن سینا پر کیا جاتا تھا[۱۲۷]

چودھویں صدی ہی میں ابن رشد کے فلسفہ کی عبرانی شرحوں کا آغاز ہوتا ہے اس سلسلہ میں اہم نام لیوی بن غرلیسون کا لیا جاتا ہے جو Bagnol کا باشندہ تھا، اس نے ابن رشد کی "الاتصال" اور اصل العالم پر اس کے ایک دوسرے رسالہ کی شرح لکھی، اسی کا ایک معاصر موسس آف ناربون تھا جس نے ۱۳۲۴ء اور ۱۳۵۰ء کے درمیان ان ہی کتابوں کی شرح لکھی جن کی شرح لیوی خود لکھ چکا تھا، البتہ اس نے ابن رشد کے طبیعیاتی رسالہ کی بھی شرح لکھی[۱۲۸]

چودھویں صدی کو یہودیوں کے علم کلام کا عہد زریں قرار دیا جاتا ہے لیکن خود اس صدی کے اختتام پر اس پر زوال بھی آگیا، البتہ ابن رشد کے فلسفہ کے مطالعہ اور شرح نگاری کا عمل بدستور جاری رہا[۱۲۹]، الیاس میڈ کو جس نے پدوا کی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی تھی، رینان کے نزدیک آخری دور کا ایک بڑا ماہر رشدیات تھا[۱۳۰] اس نے ۱۴۸۵ء میں de subslantia arbis کی ایک شرح لکھی اور ابن رشد کے فلسفہ کی تشریح و تفہیم پر ایک کتاب بھی شائع کی[۱۳۱]

سولہویں صدی میں ابن رشد کے فلسفہ پر زوال آیا[۱۳۲] ۱۵۶۰ء میں ابن رشد کی منطق کی ایک تلخیص Riva di Trento میں شائع کی گئی۔ بہر حال یہ کتاب یہودیوں کے خلاف ایک معیاری تصنیف کی حیثیت سے باقی رہی، البتہ منطق کے علاوہ فلسفہ اور دیگر موضوعات میں ابن رشد کے افکار زوال کا شکار

ہو گئے، چنانچہ ابی موسیٰ (Moss almosnine) ۱۵۳۸ء نے ابن رشد کے افکار کے خلاف غزالی کے افکار و نظریات کا سہارا لیا ہے اور خود افلاطون سے ان لوگوں کی دلچسپی کے بھی آثار ملتے ہیں، جنھوں نے عہود مظلمہ کے تبرکات و باقیات کے طور پر ارسطو کو حقارت کی نظروں سے دیکھنا شروع کردیا تھا۔[۱۳۳]

طلیطلہ کے ادارہ میں ہونے والے ترجموں کی اشاعت کے سلسلہ میں کچھ کہنا مشکل ہے، البتہ یہ بات یقینی ہے کہ آئندہ تیس سالوں میں ارسطو کی منطق کی تمام کتابیں عربی سے لاطینی میں منتقل ہو کر پیرس کے علمی حلقوں کے مطالعہ میں آچکی تھی۔[۱۳۴] Beothin John Scotus کے واسطہ سے جو لاطینی ترجمے وہاں کے علمی حلقوں میں عام ہوئے اور اسی طرح St. Augustine کے ذریعہ افلاطون کی جو چیزیں ان کے سامنے آئیں، ان ہی سے مسیحی علم کلام کی اساس اور اس کے ارتقاء کا سامان فراہم ہوا۔[۱۳۵] لاطینی علم کلام کا ارتقاء بعد میں تین مرحلوں سے گزرا، پہلا مرحلہ تو ارسطو کی بقیہ کتابوں سے واقفیت اور ساتھ ہی ساتھ عربی سے ترجمہ کی شکل میں مکمل نظام منطق کو لاطینی میں منتقل کرنے کی شکل میں تھا، دوسرا مرحلہ قسطنطنیہ پر ۱۲۰۴ء میں قبضہ کے بعد جب اصل یونانی نسخے ہاتھ آنے لگے، ان کے ترجمہ کا ہے اور تیسرا مرحلہ عرب شارحین کی شرحوں سے واقفیت اور ان کے ترجمہ کا ہے۔[۱۳۶]

یہ بات اہمیت کی حامل ہے کہ لاطینی علم کلام کے ایک مشہور وکیل بلکہ ایک خاص مکتب فکر کے بانی تامس اکوینس (St. Thomas Acquinas) نے جنڈیسالوی (Gundisalviy) کے مکتب فکر سے متعلق ہونے سے قبل نیپلس (Naples) کی یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کی تھی جس کو فریڈرک II نے قائم کیا تھا، اور عرب فلاسفہ کے نظریات اور افکار کے مطالعہ کا ایک اہم مرکز تھا اسی کا دور رس اثر یہ تھا کہ تامس اکوینس عرب فلاسفہ کے افکار و تعلیمات کا بہت مداح تھا۔[۱۳۷]

Padua اور Montpillier کی یونیورسٹی میں طب کی تعلیم کے لیے خصوصاً عرب مصنفین کی کتابیں بنیادی طور پر نصاب تعلیم میں داخل تھیں۔[۱۳۸] ۱۳۰۷ء میں ابن رشد کی کتاب Canones de medicinus laxativie

کو عبرانی سے لاطینی میں منتقل کیا گیا، اور ۱۲۴۰ء میں ابن سینا کی القانون کو طب کے لیے سرکاری نصاب تعلیم میں شامل کیا گیا اسی وقت سے نصاب کے طور پر اطبا پیرس یونیورسٹی میں محاضرات کا سلسلہ جاری کیا گیا۔[۱۱۹]

بگولنا کی یونیورسٹی تو ابن رشد کے فلسفہ کا سب سے اہم مرکز تھی۔ پدوا کی یونیورسٹی میں اس کا ایک اہم مرکز قائم تھا، ابن رشد کے فلسفہ کے ان دو مراکز ہی سے شمال مشرقی اطالیہ، وینس اور فلورنیس تک اس کے اثرات پھیلے اور سترہویں صدی تک پھیلتے رہے بلوگنا میں عربی اثرات سب سے زیادہ طب کے سلسلہ میں پائے جاتے تھے، تیرہویں صدی میں طب کا نصاب تعلیم بنیادی طور پر ابن سینا کی القانون اور ابن رشد کے رسائل پر مشتمل تھا اور خود علم نجوم تعلیم کا ایک مستقل موضوع تھا جس کی سندیں دی جاتی تھیں۔ ایک زمانہ تک بگولنا فریڈرک II کا مورد عنایت رہا اور فریڈرک II نے اسی کی یونیورسٹی میں ان لاطینی ترجموں کے نسخے فراہم کیے جو خود اس کے حکم سے عربی اور یونانی زبانوں سے کیے گئے تھے۔[۱۲۰]

گرٹیانو آف ٹینا (۱۴۶۵ء) جو پادوا میں ایک کلیسا کا پادری تھا۔ پادوا کے مکتب فکر ابن رشد کا بانی قرار دیا جاتا ہے۔

اس مکتب فکر کو پندرہویں صدی کے بیشتر حصوں تک بڑی مقبولیت حاصل رہی۔[۱۲۱] سرکاری طور پادوا کی یونیورسٹی ایک معتدل رشدیت پیش کرتی رہی اس وقت یورپ ہی عرب فلاسفہ کی زیادہ تر طبی کتابوں اور ابن رشد کی شرحوں کو پڑھایا جاتا رہا۔[۱۲۲]

پادوا اور بلوگنا کے باہر ابن رشد کی حیثیت پندرہویں صدی کے اختتام تک ارسطو کے ایک حامی اور نقیب کی رہی، سولہویں صدی کے ساتھ ہی پادوا اور اس کے حلقہ کے باہر عرب شارحین کی کتابیں زیادہ کام کی نہ رہیں اور ان کے مطالعہ کا دور اختتام کو پہونچ گیا۔ لیکن مزید ایک صدی تک عرب مصنفین کی طب کی کتابیں یورپ کی یونیورسیٹوں میں محدود پیمانہ پر اثر انداز رہیں۔[۱۲۳]

اب طبعی و تجرباتی علوم پر ایک طائرانہ نظر ڈالیے، عربوں کا جو احسان سائنس پر ہے اس کے اجزائے ترکیبی انکشافات کی ابتداء اور انقلابی نظریوں ہی تک محدود نہیں بلکہ بڑی حد تک اس کا وجود ہی عرب تمدن کی دین ہے۔[۱۲۴] قدیم دنیا کو ہم قبل سائنسی دنیا کہہ سکتے

ہیں۔ یونانیوں کی ریاضی اور فلکیات دراصل بیرونی درآمدات کی نوعیت کی حامل تھیں جو کبھی بھی یونانی تمدن میں رچ بس نہیں سکی۔ یونانیوں نے جو کام انجام دیا وہ نظم و ترتیب، تصحیح اور نظریات کی شکل میں ڈھالنے کا حل تھا، لیکن جہاں تک بحث و تحقیق کے رائج اسالیب، مثبت علم کا استنباط، سائنس کے باریک بین اسالیب، مفصل و مطول مشاہدہ اور تجرباتی چھان بین کا تعلق ہے تو یہ سب یونانی مزاج سے دور کی چیزیں تھیں[۱۱۵]۔ قدیم کلاسیکل دنیا میں اگر کسی ایسی جگہ کی نشاندہی کی جا سکے جہاں صحیح معنوں میں کسی حد تک سائنسی اسلوب کے تحت کام ہوا ہو، تو وہ اسکندریہ ہے، لیکن ہم کہہ سکتے ہیں کہ یورپ میں سائنس کا ارتقا، بحث و تحقیق کی ایسی روح، چھان بین کے نئے طریقے، تجرباتی و مشاہداتی انداز اور ریاضی کے ارتقاء کا مرہونِ منت ہے جو یونانیوں کے لیے نامانوس چیز تھی، اس روح اور ان طریقوں سے یورپ عربوں ہی کے واسطہ سے متعارف ہوا[۱۱۶]۔

پندرہویں صدی کے اخیر تک جس وقت کہ سائنسی سرگرمیاں یورپ میں جنم لے رہی تھیں، مکمل طور پر عرب علوم ہی کو بغیر کسی اضافہ کے ہضم کرنے کا زمانہ تھا، رابرٹ بریفالٹ کا کہنا ہے کہ پرتگال کے حکمراں پرنس ہنری نے عرب اور یہودی فضلا کی سرکردگی میں Cape St. Vincent میں جہاز رانی کے لیے ایک عظیم الشان ادارہ قائم کیا جس سے واسکوڈی گاما کے بحری سفر پھر روئے زمین کے آخر تک یورپ کے پہنچنے کے لیے راستہ ہموار ہوا[۱۱۷]۔ ریاضی کا پہلا رسالہ یورپ میں ۱۴۹۴ء میں شائع ہوا جو Leonardo Fibonacci کے ترجموں سے اقتباسات اور تلخیص کا مجموعہ تھا جو لیونارڈو ڈاونسی کا دوست تھا، البتانی کے جدولوں ہی کی اساس پر Regionontanus نے ایک نقشہ جاتی نظام کو مرتب کیا جس کی بدولت کولمبس کا سفر ممکن ہو سکا۔ Kepler نے جو کچھ انجام دیا وہ ابن یونس زغانی کے جدولوں کی اساس پر انجام پایا[۱۱۸]۔

عرب تمدن کا نئی دنیا کو سب سے بڑا عطیہ سائنس ہی کی شکل میں تھا۔ اگرچہ اس کے ثمرات کے پختہ ہونے میں دیر لگنا فطری تھا۔ اسی سائنس کی بدولت یورپ کو زندگی ملی، اسلامی تہذیب کے گوناگوں اثرات ہی نے یوری زندگی کو فعال بنایا[۱۱۹]۔

لاطینی یورپ نے جس طرح عربوں کے علم طب سے استفادہ کیا، اس کے مطالعہ اور عہدائے وسطیٰ میں اسلامی اور مغربی ثقافتوں کے تقابلی مطالعہ سے ہمیں ثمر آور فکری خلاقی

کی طرف رہنمائی ملتی ہے جو عہد ہائے وسطیٰ میں مغربی دنیا کا اسلامی تہذیب کے ممنون احسان ہونے کا آئینہ دار ہے[۱۵۱]

ترجموں کی شکل میں عہد ہائے وسطیٰ میں مغرب نے عربی تمدن سے کیا کچھ لیا اس کے لیے لاطینی و عبرانی مترجمین اور ان کے کیے ہوئے ترجموں کی فہرست پر ایک نظر ڈالنا چاہیے۔ ذیل کی فہرست اسی مقصد کے پیش نظر ہے۔ مگر یہ فہرست مکمل نہیں ہے، بہت سے مترجمین کو اس میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ جو یا تو مشہور نہیں ہیں، یا ترجمہ کی ہوئی کتابوں کے نام کی صراحت نہیں ملتی، بلکہ صرف یہ ذکر ملتا ہے کہ انھوں نے بھی چند کتابوں کا ترجمہ کیا۔[۱۵۲]

لاطینی مترجمین:۔

لاطینی مترجمین کے نام اور ترجمہ کی تفصیلات ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔

۱۔ ابراہیم آف ٹارٹیزا

(۱) De Simplicibus

(۲) Liber Servitoris للبقاسیس

۲۔ اکورسیس آف پسٹوجا۔ اس نے حنین بن اسحٰق کے نسخوں سے جالینوس کی بعض کتابوں کا ترجمہ کیا۔

۳۔ ایڈلارڈ آف باتھ۔ (۱۱۱۶ء، ۱۱۴۲ء) فلسفہ، ریاضی داں اور ماہر علوم کی حیثیت سے ایڈلارڈ آف باتھ کا شمار گروس ٹیسٹ اور راجر بیکن سے پہلے باکمال فضلا میں شمار ہوتا تھا۔ عربی سے لاطینی ترجمہ کرنے والوں کے طبقہ اول میں اس کا شمار ہوتا ہے۔ اس نے مسلم موسیقی سے مغرب کو آشنا کیا۔ قابل وثوق ذرائع سے اس کی مندرجہ ذیل ترجمہ کردہ کتابوں کا پتہ چلتا ہے۔

(۱) خوارزمی کے فلکیاتی جدوال۔

(۲) خوارزمی کا رسالہ ریاضیات۔

(۳) اقلیدس کی پندرہ کتابیں۔

۴۔ الفانسو آف ٹولیڈو، اس نے ابن رشد کی ایک کتاب کا ترجمہ کیا، بعنوان De Separatione primi principii

۵۔ الفرڈ (الفیاتوس، انگریز) ۱۲۰۰ء، ۱۲۲۰ء

(۱) De Plantis

(۲) De vege labilibus ازارسطو، عربی ترجمہ از اسحٰق بن حنین

(۳) کتاب الشفا (ابن سینا) کا حصہ متعلق بہ کیمیا۔ عام طور پر Mineralia کے نام سے اس حصہ کو موسوم کیا جاتا ہے۔

۶۔ آنڈریاس اسپاگوس بیلنس (متوفی ۱۵۲۰ء)

(۱) القانون لابن سینا

(۲) ابن سینا کی دوسری کتاب بعنوان De medicinus cordia-libus et Contica.

۷۔ جان آف سیول، ۱۱۲۶ء، ۱۱۵۱ء

(۱) الخوارزمی، علم الحساب دساحۃ الارض۔ (۲) ماشاء اللہ (۷۵۰ء، ۸۰۰ء) کی فلکیات اور ہیئت پر بہت سی کتابیں۔ (۳) الفرغانی، کتاب الحرکات السماویۃ وجوامع علم النجوم (۴) ابوعلی خیاط رسالہ فی النجوم۔ (۵) الکندی، رسائل مختلفہ (۶) ابومعشر، المدخل الیٰ احکام النجوم۔ (۷) ابن فرخان، اصل النجوم (۸) احمد بن یوسف بن دایہ، شرح Contiloquimme بطلیموس (۹) التبانی، رسالہ فی الہیئۃ۔ (۱۰) ثابت بن قرہ De imigini bus astronomicis (۱۱) القبیسی۔ کتاب المدخل الی سنات احکام النجوم۔ (۱۲) مسلمہ بن احمد المجریطی، کتاب الہیئہ۔ (۱۳) سیر الاسرار کا ایک حصہ (Secretum Secretorum (۱۴) قسطا بن لوقا بعلبکی۔ کتاب الفصل بین الروح والنفس (۱۵) الفارابی، کتاب احصاء العلوم (۱۶) ابن سینا۔ کتاب الشفا، (منتخب ابواب) (۱۷) ابن جبریل، ینبوع الحکمہ۔ (۱۸) الغزالی مقاصد الفلاسفہ۔

۸۔ ڈومنگو جندیسالوی ۱۱۲۶ء، ۱۱۵۱ء جان آف سیول نے جن کتابوں کو لاطینی میں منتقل کیا جندیسالوی کا اس سلسلہ میں خصوصی تعاون رہا۔ ترجمہ کے علاوہ اس کی اصل تحریروں میں ابن سینا، فارابی اور دیگر مسلمان حکماء کے اثرات نمایاں طور پر محسوس ہوتے ہیں اور خود جندیسالوی کے اثرات میخائل اسکاٹ، البرٹس میگنس اور رابرٹ کلوارڈبائی کے افکار اور تحریروں میں واضح انداز سے نظر آتے ہیں۔

۹۔ ہرمان دی دلماتین۔ ۱۱۳۸ء ۱۱۴۵ء

(۱) سہل بن بشر۔ رسالۃ فی النجوم۔ (۲) الخوارزمی، جداول فی الفلکیات (۳) ابومعشر کتاب المدخل الی سنات علم احکام النجوم۔ (۴) دو عربی کتابیں جو اسلام کے خلاف لکھی گئی تھیں۔ (۵) مسلمہ مجریطی Planisphaerium بطلیموس۔ (٦) حساب، ہندسہ، ہیئت اور اسطرلاب کے موضوع پر بہت سے رسائل۔

۱۰۔ ہف آف سنتالیہ ۱۱۱۹ء ۱۱۵۱ء۔

(۱) الفرغانی کی فلکیات کی شرح از البیرونی۔ (۲) رسالۃ ارسطو۔ (۳) ماشاء اللہ کی دو کتابیں۔ (I) De Nativitatibus (الاصول) (II) Liber ymbrium (کتاب العواصف) (۴) کتاب علم الرمل (۵) علم الحیوان پر دو رسالے (٦) بطلیموس Centiboquium (۷) کیمیا پر ایک کتاب کا قدیم ترین لاطینی ترجمہ بعنوان Emerald Table۔

۱۱۔ رابرٹ آف کسٹر ۱۱۴۱ء ۱۱۵۱ء

(۱) الکندی Judicia (۲) خالد بن یزید۔ رسالۃ فی الکیمیا، (۳) الخوارزمی کتاب الجبر۔ (۴) اسطرلاب بطلیموس (۵) قرآن کا لاطینی ترجمہ۔

۱۲۔ پلاٹو آف ٹیولی ۱۱۳۲ء ۱۱۵۰ء

(۱) العمرانی، رسالۃ فی النجوم، (۲) ابن الخیاط، کتاب فی الموالید De Nativitatibus (۳) المنصور، حکمۃ النجوم (۴) بطلیموس Quadripartitune (۵) الفرغانی۔ عناصر الفلک (٦) البتانی، کتاب النجوم (کچھ ابواب) (۷) ابوبکر حسن بن الخاسب، کتاب فی دوران الموالید De revolutionibus Nativatitum (۸) ابن صفا، اسطرلاب بعنوان Liber Abulcasim de operibus astrolabiae (۹) ہندسہ پر دیگر چند رسائل۔

۱۳۔ اسٹیفن آف انٹائک ۱۱۲۸ء۔ اس نے علی بن عباس کی کتاب المالکی کو لاطینی میں منتقل کیا۔ کتاب العمل بالکرۃ الفلکیۃ فی تدبیر الابدان، ایساغوجی اور دیگر چند کتابیں بھی اس کی ترجمہ کردہ ہیں۔

۱۴۔ جرارڈ قرامونی ۱۱۱۴ء ۱۱۸۷ء

۱۔ منطق :

(۱) انالوطیقا الاولیٰ۔ ترجمہ متی بن یونس (۲) ثیمسطیوس۔ شرح انالوطیقا الاولیٰ۔(۳) الفارابی، De Syllogismo

۲۔ فلسفہ۔

(۴) فی السماء والعالم De coelo et mundo

(۵) فی اسماع الطبیعی De naturali andith

(۶) فی الکون والفساد De generatione et corruptione

(۷) Liber metoororum ۔ یحییٰ بن بطریق

(۸) Liber Lapidum

(۹) De expositione bonatatis purae

(۱۰) کتاب الامراض Liber de causis

(۱۱) De propuetatibus clementomne

(۱۲) کتاب الحرکۃ والزمان De motu et tempore

(۱۳) کتاب الحس De Senses

(۱۴) عثمان بن سعید دمشقی De eo qusd augmentum et incrementum fiunt in farma et non in yb(on the Idea that Growth & Increase take place in form & not in Matter)

(۱۵) De Unikate

(۱۶) الکندی، فی الذوات الخمس De quinque essentiis

(۱۷) الکندی، فی النوم والرؤیا۔ De Sommo et visione

(۱۸) الکندی۔ العقل De ratione

(۱۹) الفارابی۔ ردکتاب ارسطو فی السماع الطبیعی (Distime to Super librum Aristotelis de naturali auditu)

(۲۰) الفارابی۔ فی العلوم De Scientiis.

یہ ترجمہ پیرس سے ۱۶۳۳ء میں شائع ہوا تحقیق Guelemus Cameraius
جندیساپوں نے بھی اس کا ترجمہ کیا تھا، اس کو Clemens Baeumker نے
میونسٹر سے ۱۹۱۶ء میں شائع کیا، اسی کا عبرانی نسخہ Mich. Rosenstien کی تحقیق
سے بریسلیو سے ۱۸۵۵ء میں شائع ہوا تھا۔

(۲۱) اسحٰق اسرائیلی - فی العناصر، یہ ترجمہ Omnia Opera Isaac میں شامل
ہو کر لیون سے ۱۵۱۵ء میں شامل ہو چکا تھا۔

(۲۲) اسحٰق اسرائیلی کی دوسری کتاب بعنوان De descriptione rerum
et difnitionibus earum et de differentia inter des-
-criptionen et difinition em
(اشیاء کا ذکر، ان کی تعریف اور ذکر اور تعریف کا فرق)

۳۔ عربی، ریاضی اور فلکیات۔

(۲۴) بنو موسیٰ Liber treim fratrum (کتاب الاخوان الثلثۃ)
مطبوعہ ۱۸۸۵ء - ہالے، تحقیق Max Curtze

(۲۵) الخوارزمی، الجبر والمقابلہ Guillaume Libri نے اپنی کتاب
Histoire de Science mutheuslizus میں اس کو شامل کر لیا ہے۔

(۲۶) الفرغانی - الجامع فی علم النجوم و اصول الحرکات السماویہ (De aggregation
ibus Scienticae et de principiis coe lestium motuum)
جان آفر سیول کے ذریعہ اس کا ترجمہ ۱۲۹۳ء ق بی میں Ferrara سے شائع
ہو چکا تھا۔ جرارڈ کا لاطینی ترجمہ پہلے فرانسیسی میں منتقل کیا گیا پھر Benctiwenni
Zuccher نے اس کو اطالوی زبان میں منتقل کیا یعقوب اناطوی نے جرارڈ کے ترجمہ
کی تلخیص ۱۲۳۲ء میں تیار کی، یعقوب اناطوی کے عبرانی ترجمہ کو پھر یعقوب کرلیسٹ مان
نے لاطینی میں منتقل کیا جو فرانکفرٹ سے ۱۵۹۰ء میں شائع ہوا۔

(۲۷) احمد بن یوسف De arcubus Sincilibus مطبوعہ ۱۸۸۶ء
تحقیق میکس کرٹز

(۲۸) احمد بن یوسف De proportione et proportionalitate

(۲۹) النیریزی۔ شرح عناصر اقلیدس، مطبوعہ سپزگ ۱۸۹۹ء تحقیق مکس کرٹز۔

(۳۰) ثابت بن قرۃ *De figura alchata*

(۳۱) ثابت بن قرۃ *De expositione nominum Almagesti.*

(۳۲) ثابت بن قرۃ *De motu accession is et recessionis*
مطبوعہ ۱۴۸۰ء، ۱۵۰۹ء، ۱۵۱۸ء

(۳۳) ابوکامل۔ الجبر والمقابلہ *Liber qui Secundum Araber algebra et almucabala.*

(۳۴) ابوعثمان محمد بن عبدالباقی *Liber judaci super decimum Euclidis.* مطبوعہ ۱۸۶۳ء تحقیق *'B. Boncompagni*، و ۱۸۹۹ء لپزگ تحقیق میکس کرٹز۔

(۳۵) اریب بن سعد۔ کتاب فی التقویم المسیحی۔ تحقیق جی لبری *Histoire des Sciences mathamatiques.*

(۳۶) جابر بن افلح *Gebri de astronomia libri IX in quibus ptolemacum emend avit.*
(فلکیات پر نو کتابیں جن میں بطلیموس کی غلطیوں کی اصلاح کی گئی ہے) مطبوعہ نورنبرگ ۱۵۳۴ء

(۳۷) *De practica Geometriac* (علمی جیومٹری) مصنف نامعلوم

(۳۸) *Algorismus in integris et minutiis* مصنف نامعلوم

(۳۹) کتاب فی مساوات السیارات *Liber coaequationis planatarum*

۴۔ طبعیات ومیکنیکیات :

(۴۰) الزرقلی *Canonas Arzachelis*

(۴۱) *Liber Omnium Sphacrarum coeli et Camp-osition is tabularum.*

(۴۲) دوقلیس۔ فی المرآت الحارقہ *De speculis comburentibus*

(۴۳) کتاب تیدیوس فی المرآۃ *Liber Tidei de speculo.*

(۴۴) الکندی۔ *De aspectibus* (الظواہر) مطبوعہ لپزگ ۱۹۱۲ء

تحقیق A.A.Bjorubo اور vogl

(۴۵) ثابت بن قرۃ Liber charatonis

۵۔ عربی فلکیات

